Australian Government



# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## آسٹریلیا آتے ہوئے محفوظ رہنا۔

ویزا فراڈ میں پھنسنے کا انتہائی خطرہ موجود ہے۔ ویزا فراڈ کرنے والے لوگ ہر جگہ پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ آپ کا پیسہ ہتھیا لیں گے، آپ کی ذاتی تفصیلات چوری کر لیں گے اور آپ کو ویزے کی قانونی درخواست کے بغیر چھوڑ دیں گے۔ یہاں دی گئی معلومات کا مقصد آپ کو ویزا فراڈ کے طریقے سمجھنے میں مدد دینا اور وہ عام ہتھکنڈے واضح کرنا ہے جو فراڈیے اکثر جھانسا دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

### کیا آسٹریلیا کا ویزا لگوانے کے کوئی شارٹ کٹس موجود ہیں؟

نہیں۔ چاہے کوئی کچھ بھی بتاتا ہو، آپ کو ویزے کے آفیشل راستے ہی اپنانے ہوں گے۔

ویزے کے متعلق مشورے کے لیے سوشل میڈیا پوسٹس، واٹس ایپ میسیجز یا اپنی کمیونٹی میں لوگوں سے سنی ہوئی باتوں پر **اعتبار نہ کریں**۔ ویزے کے متعلق غلط مشورے پر چلنے سے آپ کو آسٹریلیا کا ویزا ملنے کے امکانات خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔

آسٹریلین گورنمنٹ کے آفیشل ذرائع، جو ویزوں کے متعلق تازہ ترین معلومات دیتے ہیں، سے معلومات کو چیک کیے بغیر کبھی ان معلومات پر بھروسا نہ کریں جو آپ نے پڑھی ہوں یا جو آپ کو ملی ہوں۔ یہ ذرائع مندرجہ ذیل ہیں:

- آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز۔
- پاکستان میں آسٹریلیا کا ہائی کمیشن۔
- آفس آف دی مائیگریشن ایجنٹس اتھارٹی (OMARA) کی ویب سائیٹ پر موجود رجسٹرڈ آسٹریلین مائیگریشن ایجنٹس۔

### اگر میں آسٹریلیا میں اپنے ویزے کی شرائط کو نظرانداز کر دوں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ اپنے ویزے کے اصولوں پر عمل نہ کریں (جیسے ویزے کی مدت سے زیادہ ٹھہریں، وزیٹر ویزے پر آ کر کام کرنے لگیں یا ویزے کی دوسری شرائط کی خلاف ورزی کریں) تو آپ سنگین نتائج کا خطرہ مول لے رہے ہوتے ہیں جن میں یہ شامل ہیں:

- ڈیٹینشن (امیگریشن کی حراست) اور آسٹریلیا سے نکالے جانا۔
- آپ کو اپنے نکالے جانے کا خرچ لوٹانا پڑے (جو ہزاروں ڈالر ہو سکتا ہے)۔
- آپ کے ساتھ ساتھ آپ کے اہلخانہ کو بھی آئندہ آسٹریلیا کے ویزے سے انکار ہو جائے۔
- مستقبل میں دوسرے ملکوں کے ویزوں کی درخواستوں پر اثر پڑے۔

### اگر میں اپنی ویزے کی درخواست میں جھوٹ بولوں یا جعلی کاغذات دوں تو کیا ہو گا؟

ویزے کی درخواست میں غلط معلومات یا جعلی کاغذات دینا ایک سنگین جرم ہے۔ اس کے نتیجے میں:

- بھاری جرمانے ہو سکتے ہیں۔
- ویزا کینسل کیا جا سکتا ہے، آپ کو ڈیٹینشن میں ڈالا جا سکتا ہے اور آسٹریلیا سے نکالا جا سکتا ہے۔
- آسٹریلیا میں داخلے پر 10 سال تک کی پابندی لگ سکتی ہے۔
- مستقبل میں آسٹریلیا اور دوسرے ممالک کے ویزوں سے انکار ہو سکتا ہے۔

### اگر کوئی مجھے "ویزا بدلوانے" یا "آسٹریلیا میں زیادہ عرصہ ٹھہرنے" کے لیے مدد دینے کی پیشکش کرے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اس شخص سے دور ہو جائیں۔

یہ فراڈ کے عام ہتھکنڈے ہیں۔

- صرف درست قانونی مائیگریشن ایجنٹس کو استعمال کریں۔
- ہمیشہ علم رکھیں کہ آپ کس قسم کے ویزے کی درخواست دے رہے ہیں چاہے آپ کی درخواست کوئی اور بھیج رہا ہو۔
- کسی کے کوالیفائیڈ اور قابل اعتبار ہونے کی تصدیق کیے بغیر اسے پیسے نہ دیں۔
- ویزے کی درخواست میں کبھی جھوٹ نہ لکھیں، اس سے مستقبل میں آپ اور آپکے اہلخانہ کی آسٹریلیا اور دوسرے ملکوں کے ویزوں کی درخواستوں پر اثر پڑ سکتا ہے۔
- اگر کوئی آپ کے ساتھ فراڈ کی کوشش کرے تو مقامی پولیس کو رپورٹ کریں۔
- آپ آسٹریلیا کی بارڈر واچ آن لائن رپورٹ پر بھی اپنا نام بتائے بغیر رپورٹ کر سکتے ہیں۔

STAY VISA SCAM SAFE

*اے آئی سے بنائی گئی تصویر۔*

Australian Government

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## کیا یہ سچ ہے کہ میں آسٹریلیا میں زیادہ عرصہ رہنے اور کام کرنے کے لیے پروٹیکشن ویزا کی درخواست دے سکتا ہوں؟

پروٹیکشن ویزے ان لوگوں کے لیے ہیں جو اپنے وطن میں کسی بڑے نقصان یا ظلم کا نشانہ بننے کے حقیقی خطرے سے دوچار ہونے کی وجہ سے آسٹریلیا میں پناہ مانگ رہے ہوں۔ پروٹیکشن ویزے آسٹریلیا میں رہنے اور کام کرنے کا طریقہ نہیں ہیں۔ اب پروٹیکشن ویزے کے جھوٹے دعووں پر بڑی تیزی سے کام کیا جاتا ہے اور جلد انکار ہو جاتا ہے۔
اگر آپ کو پروٹیکشن ویزا سے انکار ہو جائے تو:

- آپ اور آپ کے اہلخانہ کے لیے آئندہ آسٹریلیا آنا زیادہ مشکل بن سکتا ہے۔
- یہ انکار آپ کے امیگریشن ریکارڈ پر عمر بھر موجود رہے گا۔
- اس سے مستقبل میں دوسرے ملکوں کے ویزوں کی درخواستوں پر اثر پڑ سکتا ہے۔
- اگر آپ کی درخواست میں جھوٹی یا گمراہ کن معلومات اور جعلی کاغذات ہوں تو آپ کو بھاری جرمانوں اور جیل کا سامنا ہو سکتا ہے۔

## رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ کہاں سے مل سکتا ہے؟

رجسٹرڈ آسٹریلین مائیگریشن ایجنٹس کی تفصیلات آفس آف دی مائیگریشن ایجنٹس اتھارٹی (OMARA) کی ویب سائیٹ پر موجود ہیں۔ ان ایجنٹس کے لیے علم اور کردار کے تقاضے اور پیشہ ورانہ تقاضے واجب ہیں اور یہ ویزے کے متعلق معلومات و مشورہ دیتے ہوئے ایک طرز عمل کے ضابطے کی تعمیل کے پابند ہوتے ہیں۔
آپ کسی آسٹریلین لیگل پریکٹیشنر سے بھی ویزے کے متعلق مشورہ مانگ سکتے ہیں۔

**اپنا پیسہ یا اپنا مستقبل داؤ پر نہ لگائیں۔**

**آپ کا ویزا۔ آپ کی ذمہ داری۔**

## مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ میرے ساتھ فراڈ کیا جا رہا ہے؟

خبردار کرنے والی ان نشانیوں کو نظر میں رکھیں۔ فراڈیے:

- واٹس ایپ یا فیس بک میسینجر جیسی میسیجنگ ایپس کے ذریعے آپ سے رابطہ کرتے ہیں
- **گارنٹی کے ساتھ** آسٹریلین ویزے کا وعدہ کرتے ہیں
- پیشگی بھاری رقوم مانگتے ہیں
- آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کی ویب سائیٹ پر دی گئی ویزا فیسوں سے زیادہ فیس لیتے ہیں
- آپ پر جلدی قدم اٹھانے کے لیے دباؤ ڈالتے ہیں
- آپ کو دوسرے لوگوں سے ذکر کرنے سے منع کرتے ہیں
- آپ سے اپنا پاسپورٹ یا دوسرے شناختی کاغذات ان کے حوالے کرنے کو کہتے ہیں
- آپ کو درخواست میں جھوٹ بولنے کے لیے کہتے ہیں
- وضاحت نہیں کرتے کہ آپ کونسے ویزے کی درخواست دے رہے ہیں
- آپ کی ویزے کی درخواست آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کے پورٹل (جسے ImmiAccount کہا جاتا ہے) میں آپ کے ساتھ شیئر کرنے سے انکار کرتے ہیں
- کہتے ہیں کہ آپ وزیٹر ویزے پر آسٹریلیا میں کام کر سکتے ہیں (یہ غیر قانونی ہے)
- وعدہ کرتے ہیں کہ آپ آسٹریلیا پہنچ کر ویزا بدلوا سکتے ہیں
- آپ کو آسٹریلیا کے ڈائریکٹ روٹ کے علاوہ کوئی اور روٹ یا کوئی غیر معمولی روٹ لینے کو کہتے ہیں جیسے کسی تیسرے ملک کی فلائٹ لینے یا چیک پوائنٹس سے بچنے کے لیے کشتی سے سفر کرنے کو کہتے ہیں
- آسٹریلیا میں رجسٹرڈ ہونے کا دعوی کرتے ہیں مگر ان کے پاس مائیگریشن ایجنٹ رجسٹریشن نمبر (MARN) نہیں ہوتا اور وہ OMARA کی ویب سائیٹ پر ایجنٹس کی فہرست میں نہیں ہوتے۔

ان کا مقصد آپ کے پیسے ہتھیانا ہے اور یہ آپ کے ویزے اور آپ کے مستقبل کو سنگین خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔

**اگر کوئی چیز ناقابلِ یقین حد تک زبردست لگتی ہو تو یہ فراڈ ہی ہے!**

STAY VISA SCAM SAFE

مزید معلومات حاصل کریں
pakistan.embassy.gov.au/ISLM/Visa_Scams.html